ہدایات برائے منتخب امیدواران

1۔ منتخب امیدواران فیس مبلغ **115،900 روپے** ویب سائٹ پر موجود چالان کے ذریعے حبیب بینک لمیٹیڈ کی کسی بھی برانچ میں **یکم اپریل 2026** تک جمع کرادیں۔ بصورت دیگر داخلہ مسترد کر دیا جائے گا۔

2۔ جماعت ہفتم، ہشتم اور نہم کے منتخب امیدواروں کو مورخہ **04 اپریل 2026 بروز ہفتہ صبح 10:00 سے 12:00 بجے** کے درمیان اُسوہ کالج اسلام آباد میں رپورٹ کرنا ہو گی۔ امیدوار کے ساتھ زیادہ سے زیادہ دو افراد تشریف لاسکتے ہیں۔ باقاعدہ کلاسز کا آغاز انشاءاللہ **06 اپریل 2026 بروز سوموار** سے ہو گا۔

3۔ کالج کی ویب سائٹ www.uswacollege.edu.pk پر موجود List of items میں درج شدہ سامان کالج میں رپورٹ کرنے سے پہلے خرید لیں اور رپورٹ کے دن تمام سامان ساتھ لیکر آئیں۔ غیر درج شدہ سامان واپس کر دیا جائے گا۔ وہ سامان جو لسٹ سے مطابقت نہ رکھتا ہو بھی واپس کر دیا جائے گا۔ (عموماً گھر میں استعمال ہونے والے کپڑے ساتھ نہ لائیں)۔

4۔ کالج کی ویب سائٹ پر موجود درج ذیل فارم پُر کر کے اور دستخط کر کے اپنے ساتھ ضرور لائیں:۔

الف:۔ ملاقاتی فارم

ب:۔ میڈیکل انڈر ٹیکنگ

ج۔ ایمر جنسی ایڈریس فارم

5۔ کالج رپورٹ کرتے وقت اصل سکول لیونگ سرٹیفیکیٹ، کمپیوٹرائزڈ "ب" فارم، والد / سرپرست کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی 2 فوٹو کاپیاں اور طالبعلم کی 3 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر لازمی ساتھ لائیں۔